# از دفتر تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چغرزئی، ضلع بونیر۔

( پہلی بار اشتہار نیلامی بذریعہ **E-Auction** )

تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چغرزئی ضلع بونیر بمطابق صوبائی حکومت احکامات بذریعہ مراسلہ نمبر AOII/LCB/6-11/2026 مورخہ 07 مئی 2026 اپنے امدن کے درجہ ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال 2026-27 میعاد ایک سال از یکم جولائی 2026 ء تا 30 جون 2027 کیلئے جدید طریقہ کار E-Auction سسٹم کے تحت بذریعہ کھلی بولی نیلام کرنا چاہتی ہے ۔لہذا خواہشمند حضرات/ ٹھیکداران مورخہ 08 جون 2026 تا 10 جون 2026 یعنی پیر صبح 9.00 بجے تا بروز بدھ سہ پہر 4.00 بجے تک E-Auction کے ذریعے نیلامی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ بولی میں صرف وہ اشخاص/فرم حصہ لے سکتے ہیں جنہوں نے سال 2026-27 کیلئے لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ پشاور کے ساتھ اپنے متعلقہ کلاس میں رجسٹریشن / تجدید کی ہو، وہ محکمہ لوکل گورنمنٹ ودیہی ترقی خیبر پختونخواہ کی ویب سائٹ (www.lgkp.gov,pk) یا لوکل کونسل بورڈ کی ویب سایٹ (www.lcbkp,gov.pk) پر آن لائن بولی (E-Acution ) ( eauction.lcbkp.gov.pk ) میں حصہ لے سکتے ہیں۔ ٹھیکہ کی قواعد وضوابط دوران دفتری اوقات کار میں ریگولیشن برانچ ٹی۔ایم۔اے چغرزئی بونیر میں ملاحظہ کیئے جاسکتے ہیں۔

| نمبر شمار | نام ٹھیکہ | سرکاری بولی/ٹارگٹ بمعہ 10% اضافہ برائے سال 2026-27 | میعاد ٹھیکہ | زرضمانت 5 فیصد |
|---|---|---|---|---|
| ا | ہفتہ وار میلہ موشیاں بدال | 237160 روپے | از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027 | 11858 روپے |

☆ E-Auction میں حصہ لینے کیلئے چیدہ چیدہ شرائط درجہ ذیل ہیں ☆

1) ٹھیکہ کی نیلامی برائے ایک سال یعنی مالی سال یعنی 2026-27 ، کیلئے ہوگی۔ جس کی معیاد از یکم جولائی 2026 تا 30 جون 2027ء تک ہوگی۔

2) ٹھیکدار اپنے اصلی اور اہل کال ڈیپازٹ بولی کی آخری تاریخ سے دو دن قبل upload کریں گے۔

3) اگر مناسب سے زیادہ بولی موصول ہو جو گزشتہ سال کی امدن / بولی سے کم از کم دس فیصد ( 10% ) زیادہ ہو، تو کامیاب بولی دہندہ تین دنوں کے اندر اندر TMA چغرزئی کے اکاونٹ میں 15% ایڈوانس اور 5% سیکورٹی جمع کروائے گا، ناکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائیگا۔اور جمع شدہ زربیعانہ بحق دفتر TMA چغرزئی ضبط کرکے ٹھیکدار/ فرم کا لائینسس بلیک لسٹنگ اور مزید کاروائی کیلئے صوبائی حکومت کو بھیجا جاےگا۔

3) لوکل کونسل بورڈ/ TMA چغرزئی کے بقایاداران یا ان کے بااختیار نمائندے E-Auction میں حصہ لینے کے مجاز نہیں ہوں گے۔

4) نیلامی کی منظوری مجاز اتھارٹی کی صوابدید پر ہوگی، مجاز اتھارٹی کو اختیار حاصل ہوگا۔ کہ وہ معقول وجوہات بتا کر ایک یا تمام نیلامی منظور/ مسترد کردے۔

5) ملاکنڈ ڈویژن سے تعلق نہ رکھنے والا بولی دہندہ حکومت کی وضع کردہ پالیسی کے تحت ماہوار قسط کے ساتھ انکم ٹیکس بھی ادا کرنے کا پابند ہوگا۔ جبکہ دیگر ٹیکسز جو کہ وفاقی وصوبائی حکومت سے وقتاً فوقتاً لاگو ہوں گے بھی جمع کرنے کا پابند ہوگا۔

6) بولی دہندہ قانونی شرح کے مطابق فیس وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ ناکامی کی صورت میں حکومت / TMA چغرزئی ذمہ دار نہ ہوگا۔

7) بولی دہندہ کو کسی بھی ناگہانی صورت حال میں کسی قسم کی معافی نہیں دی جائیگی۔

8) دیگر تفصیلی شرائط وضوابط اور شیڈول وغیرہ ٹھیکہ جات کی اوقات کار میں دفتر تحصیل آفیسر ( ریگولیشن ) TMA چغرزئی ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

9) تمام کامیاب بولی دہندہ گان صوبائی حکومت کی طرف سے جاری کردہ احکامات/پالیسی گائیڈ لائنز برائے سال E-Auction 2026-27 کے پابند ہوں گے۔

10) مقررہ وقت میں ایڈوانس رقم جمع نہ کروانے یا معاہدہ مکمل نہ کرنے کی صورت میں بولی خود بخود منسوخ تصور ہوگی اور زرضمانت متعلقہ لوکل کونسل کے حق میں ضبط کرلی جائیگی ، اسکے بعد کی کنٹرکٹ دوسرے سب سے زیادہ بولی دہندہ کی پیش کردہ شرح (اگر 10 فیصد اضافہ حاصل ہو) پردیا جاسکتا ہے۔

نوٹ: اشتہار ہٰذا لوکل کونسل بورڈ خیبر پختونخواہ کی ویب سائٹ http:/CFMIS.LGKP.GOV.PK پر ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔

اگرمقررہ تاریخ یعنی مورخہ 8 جون تا 10جون 2026 کوبولی نہ ہوسکی تو اگلی بولی مورخہ 15جون تا17جون 2026ء اور اگراس تاریخ پربھی بولی نہ ہوسکی تو اگلی بولی مورخہ 22 جون تا24 جون 2026ء بالترتیب منعقد ہوگی۔

المشتہر: بحکم:

ٹیکس اسسٹنٹ
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چغرزئی بونیر۔

تحصیل میونسپل آفیسر
تحصیل میونسپل ایڈمنسٹریشن چغرزئی بونیر۔